واحد ٹی ٹوئنٹی میچ: پاکستان انڈر 19 کی بنگلہ دیش انڈر 19 کے خلاف 4 وکٹوں سے جیت۔

راجشاہی، 17 مئی 2023:

پاکستان انڈر 19 ٹیم نے بنگلہ دیش انڈر 19 ٹیم کو واحد ٹی ٹوئنٹی میچ میں 4 وکٹوں سے شکست دیدی۔

اسطرح پاکستان انڈر ٹیم نے اس دورے کو شاندار کارکردگی پر ختم کیا۔ اس نے دورے کا واحد چار روزہ میچ دس وکٹوں سے جیتا تھا جبکہ پانچ ون ڈے میچوں کی سیریز میں چار ایک سے کامیابی حاصل کی تھی۔

راجشاہی میں کھیلے گئے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بنگلہ دیش انڈر 19 نے پہلے بیٹنگ کی اور پانچ وکٹوں کے نقصان پر 159 رنز بنائے۔

اوپنر جیشان عالم نے صرف 26 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے 52 رنز کی جارحانہ اننگز کھیلی جس میں پانچ چوکے اور چار چھکے شامل تھے۔

انہوں نے صرف 9 اعشاریہ ایک اوورز میں معین الاسلام کے ساتھ پہلی وکٹ کی شراکت میں 72 رنز کا اضافہ کیا۔ معین الاسلام 21 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

کپتان احرار امین نے تین چھکوں کی مدد سے 20 رنز بنائے۔ عارف الاسلام نے 30 رنز اسکور کیے۔

پاکستان انڈر 19 کی طرف سے احمد حسین نے 25 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں۔

پاکستان انڈر 19 کو پہلے ہی اوور میں شاہ زیب خان کا نقصان اٹھانا پڑا جو بغیر کوئی رن بنائے آوٹ ہو گئے۔

پاکستان انڈر 19 کی طرف سے شامل حسین نے 67 رنز کی ذمہ دارانہ اننگز کھیل کر اپنی ٹیم کو جیت سے ہمکنار کرنے میں مدد کی ان کی اننگز میں سات چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔

عرفات منہاس نے صرف 22 گیندوں کا سامنا کیا اور 41 رنز اسکور کیے ان کی اننگز میں سات چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔

کپتان سعد بیگ نے 16 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے تین چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 24 رنز بنائے۔

پاکستان انڈر 19 نے آخری اوور کی پہلی گیند پر مطلوبہ اسکور پورا کر لیا۔

میزبان ٹیم کی طرف سے اقبال حسین نے 23 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

مختصر اسکور۔

بنگلہ دیش انڈر 19 ٹیم۔ 159 رنز 5 کھلاڑی آوٹ۔ جیشان عالم 52۔ عارف الاسلام 30۔ احمد حسین 25/3 وکٹ۔

پاکستان انڈر 19 ٹیم۔160 رنز 6 کھلاڑی آؤٹ۔(19 اعشاریہ 1 اوورز) شامل حسین 67۔ عرفات منہاس 41۔ اقبال حسن 3/23 وکٹ۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

pepsi TCL PARKVIEW CITY TRANS GROUP

Pathway Cricket Programme

engro CRICKET COACHING PROJECT

Broadcast & Live Streaming Partners

WILLOW FLOW SPORTS sky sports SuperSport etisalat FOX SPORTS sky SPORT

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial